## تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 23,2024

پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ آرکی ٹیکچر میں اونم کے موقع پر تقریب کا اہتمام

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ آرکی ٹیکچر میں ہندوستان کی مختلف ریاستوں کے طلبا ہیں اور یہ شعبہ کثرت میں وحدت کی عمدہ مثال ہے۔ کثرت میں وحدت کے جذبے کو زندہ رکھتے ہوئے شعبہ کے طلبا نے مورخہ بیس ستمبر دو ہزار چوبیس کو فیکلٹی کے سبزہ زار اونم کی خصوصی تقریب منعقد کی۔ اونم ایک سالانہ کھیتی اور ہندو تہذیبی تہوار ہے جو خصوصی طور پر کیرالہ ریاست میں منایا جاتا ہے۔ کیرالا کے طلبا کا یہ ایک بڑا سالانہ تہوار ہوتا ہے اور یہ کیرالا کا بھی سرکاری تہوار ہے اور اس میں متعدد نوع کے ثقافتی پروگرام ہوتے ہیں۔

ڈین پروفیسر قمر ارشاد کے بصیرت افروز کلمات اور صدر شعبہ پروفیسر طیبہ منور کی پرخلوص کلمات کے ساتھ اونم کی تقریب شروع ہوئی۔ اس کے بعد حاضرین میں پیاسم بانٹی گئی۔ اس کے بعد سال دوم اور سال پنجم کے طلبا نے ایک رقص پیش کیا اور اس موقع پر چند طلبا نے انفرادی پروگرام بھی پیش کیے۔

دن کافی اچھا گزرا کیوں کہ طلبا نے متعدد سرگرمیاں انجام دیں۔ اس پروگرام اور اجتماع سے شعبہ کا مقصد ایسے طلبا کے لیے جو اپنے گھروں سے دور تعلیم کے لیے آئے ہیں انھیں گھر جیسا ماحول مہیا کرانا تھا۔ متعدد قابل فرحت سرگرمیوں کے بعد جن میں میوزیکل چیئر، پوٹ کریشنگ، اسپون لیمن ریس بسکٹ بائٹنگ جیسے پروگرام شامل تھے پروگرام کے اخیر میں منتظم طلبا نے حاضرین کا باقاعدہ طور پر شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی